PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE
PMEX

# PULSE

## NEWSLETTER

ISSUE 11, APR-JUN 2016

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE

Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX) is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP). Its shareholders include National Bank of Pakistan (NBP), Pakistan Stock Exchange Limited (PSX), ISE Towers REIT Management Company Limited, LSE Financial Services Limited, Pak Kuwait Investment Co. and Zarai Taraqiati Bank. The Exchange offers a diverse range of domestic and international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure and state-of- the-art technology, PMEX provides a complete suite of services i.e. trading, clearing & settlement, custody as well as back office, all under one roof. The Exchange has a member base of 323 and the average daily trading volume is PKR 5 billion. PMEX's international affiliations include Memberships of Association of Futures Markets (AFM), Hungry & Futures Industry Association (FIA), USA and Memorandum of Understanding (MoUs) with Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange, Dubai Gold & Commodity Exchange and Iran Mercantile Exchange.

**Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX)**

3B, 3rd Floor, Bahria Complex IV, Ch. Khalique-uz-Zaman Road
Gizri, Karachi-75600 Pakistan
UAN: +92-21-111-623-623
FAX: +92-21-35155022
E-MAIL: info@pmex.com.pk
WEB: www.pmex.com.pk

**DISCLAIMER:**
This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this document are solely for providing information to readers.

Publication of the Marketing Dept. of PMEX
Design Agency: Conte'
Printer: Appletree Graphics

# Contents


1. Milli Ounce Gold Futures Contracts
2. SECP Frames Drafts Regulation for Warehousing and Collateral Management
3. Red Chilli Trade at PMEX Takes another Leap Forward
4. PMEX at 19th Annual Conference of the Association of Futures Markets
5. PMEX and Iran Mercantile Exchange sign Memorandum of Understanding
6. PMEX Welcomes New Member from Multan
7. SECP's Faculty Development Program
8. USAID-Financed Financial Market Development Team visits PMEX
9. PMEX at "Effective Economic Journalism" Training Workshop
10. Awareness Programs
11. Investor Education
12. Inside PMEX: Risk and Market Surveillance (RAMS)
13. Top Ten Brokers
14. Circulars
15. PMEX Highlights
16. Price Trend of Commodities

# MILLI OUNCE GOLD FUTURES CONTRACTS

PMEX is in a continuous pursuit to add new products to broaden its product suite in order to cater to the needs of a diversified group of investors.

Previously, the Exchange has listed various gold contracts in different denominations and tenor. However, keeping in view the demand of the market participants, the Exchange came up with "Milli Ounce Gold" futures contracts.

In the first phase, the Exchange listed four Milli Ounce Gold futures contracts in various currenciesnamely USD, EUR, GBP and JPY.

In the second phase, PMEX listed the following Milli Ounce Gold Futures Contracts, which were made available for trading on April 07, 2016:

1 PMEX CAD Gold (Milli Ounce) Futures Contract
2 PMEX CHF Gold (Milli Ounce) Futures Contract
3 PMEX AUD Gold (Milli Ounce) Futures Contract

The above contracts also use "Composite Order Trading System" (COTS) where a trader may take two positions simultaneously in milli ounce contracts with a single click. In other words, if a trader wants to simultaneously take a long position in the PMEX USD Gold and short position in the PMEX AUD. Gold, he can place a single order through COTS. The long gold in the first trade and the short gold in the second trade 'cancels' each other out, leaving the trader with an open AUD-USD position only.

## MILLI OUNCE FUTURES CONTRACTS SPECIFICATIONS

| | PMEX CAD GOLD | PMEX CHF GOLD | PMEX AUD GOLD |
|---|---|---|---|
| TRADING DAY | Monday to Friday | | |
| TRADING HOURS | 5:00 am to 2:00 am PST (21 Hours) | | |
| UNIT OF TRADING | Milli (0.001) Troy Ounces | | |
| TRADING SYSTEM | PMEX ETS | | |
| PRICE QUOTATION | Canadian Dollar per troy ounce, up to four decimal places | Swiss Franc per troy Ounce, up to four decimal places | Australian Dollar per troy Ounce, up to four decimal places |

# SECP DRAFTS REGULATION FOR WAREHOUSING & COLLATERAL MANAGEMENT

The Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP), with its vision to bring efficiency in the overall agricultural space, has developed draft Regulations for Warehousing & Collateral Management with an objective to protect the interest of farmers and banks by ensuring good warehousing practices, preventing fraud and facilitating holders of Warehouse Receipts.

Under the proposed Regulations, Warehouse Receipts issued by a recognized warehouse operator may then be utilized either as collateral for obtaining credit from banks or traded at Pakistan Mercantile Exchange (PMEX).

The benefits to be drawn from Warehouse Receipt System are:

1. Access to credit to farmers in efficient and convenient manner
2. Enhanced participation of farmers in the commodity market
3. Provide an opportunity to the farmers to hold their produce until market conditions are favorable and will enable them to avoid distress sale
4. Store the produce in the standardized warehouses which will result in reduction in post-harvest losses
5. Mitigate risk of creditors through secure collateral
6. Promote trade of agricultural produce through trading at PMEX

# RED CHILLI TRADE AT PMEX TAKES ANOTHER LEAP FORWARD

PMEX launched Red Chilli deliverable weekly futures contracts in October 2015 of three different grades of Dandicut (Longi) variety. Though it was the first ever listing of a spice at the Exchange, the concerted efforts of all the market participants i.e. growers, traders and corporate buyers enabled PMEX to achieve this milestone. During a brief trading span of three months, more than 600 tons of the spice was traded at the Exchange and delivered to the corporate buyers.

PMEX received an encouraging response from all the market participants for the efforts that resulted in better quality red chilli production, quick cash pay-out to the farmers and overall efficiency in the red chilli trade.

Capitalizing on this success, PMEX in the upcoming trade season will offer another variety of red chilli commonly known as Hybrid. The production volume of this variety has substantially increased in last couple of years as compared to Dandicut/Longi. For this type of chilli, the trade centres are located across the country with major trade activity in Kunri, Sindh and Faisalabad, Punjab. Addition of Hybrid variety of Red Chilli at PMEX and opening up of a centre at Faisalabad will increase trading volume and facilitate a larger segment of the Red Chilli value chain.

In the upcoming trade season of red chilli, to facilitate the farmers, PMEX is working with different banks for the warehouse receipt financing program. Under the program, the growers of red chilli will be able to borrow money from banks against the warehouse receipts issued to them.

To get the warehouse receipt, the growers will have to deposit their produce at PMEX designated warehouse after getting quality certification of their produce from SGS Pakistan. Once the warehouse receipt is issued, the grower will have two options: 1) sell the produce whenever the prevailing market price is favourable or 2) approach a bank for borrowing money against the warehouse receipt to fulfill his current liquidity needs. It will increase farmers' holding power and help them to avoid distress sale at the time of harvest.

The process of quality certification, storage at designated warehouse and trading at PMEX is aimed at facilitating not only the growers in getting the best possible price for their produce but also the buyers in getting certified quality of red chilli.

To create awareness among farmers and traders, PMEX, with the support of SECP, has organized awareness sessions in Kunri, Faisalabad and Karachi.

Going forward, PMEX plans to replicate the model of red chilli for other agricultural commodities as well.



# PMEX AT 19TH ANNUAL CONFERENCE OF THE ASSOCIATION OF FUTURES MARKETS

PMEX participated in the 19th Annual Conference of the Association of Futures Markets (AFM) held in Istanbul, Turkey on April 18-19, 2016. The event was hosted by Borsa Istanbul.

The Conference brought together clearing houses, exchanges, regulators and other stakeholders from around the world to discuss the key market trends and business issues. The two-day conference featured panel discussions on risk management, energy trading, developing agricultural commodity derivative markets in emerging economies, Islamic financial markets and challenges faced in establishing new markets.



Mr. Farhan Tahir, Chief Financial Officer & Company Secretary along with Ms. Sobia Ashraf, Manager Marketing represented the Exchange at the event. The conference provided PMEX with a platform for active and engaging discussions. In addition, the event provided the opportunity to the Exchange to establish new partnerships and consolidate existing relationships with AFM members, partner organizations and market participants from AFM region.

PMEX joined the AFM as an Associate Member in March 2012 and was granted full member status in February 2014. As a full member, PMEX plays a proactive role in the formation of policies of the Association and represent Pakistan on its various bodies.

## PMEX AND IRAN MERCANTILE EXCHANGE SIGN MEMORANDUM OF UNDERSTANDING

PMEX and Iran Mercantile Exchange (IME) signed a Memorandum of Understanding (MoU) on June 30, 2016. The signing ceremony was hosted by IME in Tehran, Iran. Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director, PMEX and Mr. Hamed Soltaninejad, Managing Director, IME were the signatories.

The prime reason for PMEX to sign the MoU is to learn from the experience of IME with regards to the listing of physically deliverable products, in specific the agricultural commodities, on the Exchange platform. Going forward, as Pakistan and Iran are trade partners in several commodities, PMEX and IME will be evaluating the possibilities for cross listing of commodities. This will bring efficiency in terms of both cost and convenience to traders of both markets.

In addition, the MoU would also pave the way for both the institutions to work in close coordination for the development and enhancement of derivatives and financial markets in Pakistan and Iran. The objective will be achieved by sharing best practices, market information, industry knowledge and cross training of staff.



## PMEX WELCOMES NEW MEMBER FROM MULTAN

MHB Markets (Pvt.) Limited joined PMEX as a new member. It commenced operations on June 01, 2016 in the historic city of Multan. The city has a rich past and also offers a promising future because of high per capita income.

PMEX welcomed MHB Markets on board and reposed confidence in the entity in making PMEX a household name in Punjab.

The Exchange believes that the addition of MHB Markets will provide the residents of Multan another option to do futures trading at PMEX's state of the art trading platform.

PMEX has embarked upon the journey to expand its broker network in large as well as small cities to ensure nationwide coverage for providing trading opportunities to a broader investor base.





# SECP's FACULTY DEVELOPMENT PROGRAM




The Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) is the apex regulatory authority of capital markets. It has developed an elaborate Capital Market Development plan for increasing financial literacy, through educating the existing as well as potential investors about their rights, roles and responsibilities.

To reach the masses, train the trainer program is an effective tool. Following this approach SECP has initiated a Faculty Development Program (FDP) for universities and business schools. The first phase of these programs was held in Karachi on May 31, 2016 and Islamabad on June 06, 2016.

In these full day events, prominent speakers belonging to financial sector including Pakistan Stock Exchange, Pakistan Mercantile Exchange, asset management companies, Islamic financial institutions, REIT and banking sector participated.

At both the events Mr. Nauman Lakhani, Head of Marketing, Business Development and Customer Support Services represented PMEX. He briefed the audience about futures market as well as listing of deliverable contracts of agricultural produce. His focal point was benefits of trading at a regulated exchange and futures trading as an alternative investment plan in Pakistan.

# USAID-FINANCED FINANCIAL MARKET DEVELOPMENT TEAM VISITS PMEX

On June 08, 2016, a delegation from USAID-financed Financial Market Development (FMD) visited PMEX. The delegation was led by Mr. Paul Davis - Project Director & Acting Chief of Party.

Mr. Jim Defay - Vice President, Mr. John Crowley - Resident Adviser: Debt Capital Market, Mr. Werner Riecke - Resident Adviser: Govt. Debt Management and Mr. Amir Khan - Debt Capital Market Expert were the other dignitaries who were part of the delegation.

The FMD Project is a five-year technical training collaboration program designed to promote the development of competitive, deepened and diversified debt capital markets in Pakistan. A distinct component of the project is review and development of legal and regulatory framework for the establishment of a Commodity Warehouses/Receipt Financing Mechanism in the country.

PMEX welcomed the members of the delegation and briefed them about the Exchange's integrated business model, technology infrastructure, regulatory framework and existing and upcoming products. The briefing was followed by a tour of the Exchange's premises.

PMEX expressed keen interest in working with USAID – FDM and assured the delegation of its full support in establishing the Commodity Warehouse/Receipt Financing Mechanism in Pakistan.



# PMEX AT "EFFECTIVE ECONOMIC JOURNALISM" TRAINING WORKSHOP

The Center for International Private Enterprise (CIPE), Pakistan arranged a full-day training workshop in May 2016 for journalists. Its title was "Effective Economic Journalism" and the participants were young mass communication professionals.

The purpose for arranging this workshop was to improve their reporting skills and explore many facets of the economy that do not get desired coverage. PMEX was especially invited to enlighten the journalists about futures trading at the electronic trading platform of the Exchange. The participants were shown the corporate documentary followed by a detailed presentation about the Exchange.



# AWARENESS PROGRAMS

In order to develop a vibrant commodity futures market in Pakistan, PMEX actively conducted awareness programs during the second quarter of 2016. These awareness sessions included training workshops, seminars, presentations, roadshows and participation in events.

## Educational Institutions at PMEX

In line with the objective to create awareness about the benefits of investing in commodities at a regulated platform amongst the students, PMEX continuously strives to conduct programs for the students and faculty members of various colleges and universities. In this regard, College of Accounting & Management Sciences (CAMS) Karachi and DHA Suffa University Karachi were invited to PMEX for an interactive awareness session.

The sessions opened with PMEX's corporate documentary followed by a comprehensive presentation about the Exchange's integrated business model, technology infrastructure and existing and upcoming products and concluded after a Q&A session. The students expressed keen interest in trading at the Exchange and were offered demo trading account service, which is a replica of PMEX's trading system for training purposes, to gain hands on experience of futures trading.






# INVESTOR EDUCATION

PMEX offers a robust front-end trading system 'NEXT' and back office system comprising of three independent platforms, namely Clearing, Settlement and Reporting 'CSR', Trader Account Management System 'TAMS' and eBooks. To educate our readers about the trading systems of PMEX, every quarter, this section highlights the key features of one of the trading systems of the Exchange. In the previous issue, we briefly talked about NEXT and this time we will take our readers through CSR.

## Clearing, Settlement and Reporting (CSR)

CSR is an in-house developed, web-based clearing house & back office system that enables PMEX members to manage clients' clearing and settlement needs with high degree of efficiency and generate comprehensive reports. It has an easy-to-use user interface. This system is offered free of cost to PMEX members.



## Key Features of CSR

| DAILY OPERATIONS | SETUP | MARKET INFROMATION | OPERATION REPORTS | SURVEILLANCE REPORTS |
|---|---|---|---|---|
| ▸ Funds Management (Funds allocation, Funds Withdrawal, Funds Transfer and Approval, Securities Release)<br>▸ Commission Management (Commission Upload and Download)<br>▸ Gold Management (Gold Withdrawal, Delivery, Receipt) | ▸ Bank Account Management (Bank Account Numbers, Primary Bank Accounts)<br>▸ Key Personnel Setup | ▸ Session Management (Session Market Price, Session History, Spread Market Price)<br>▸ Contract Reports<br>▸ Margins Reports<br>▸ Commodity Reports | ▸ General Ledger<br>▸ Trader Funds<br>▸ Settlement Call<br>▸ Key Personnel Details<br>▸ Broker Exposure Client Wise<br>▸ Trader Balance | ▸ Trade Details<br>▸ Position Summary<br>▸ Account Statement<br>▸ Daily Statement<br>▸ Client Margin Call<br>▸ Ticket Trade Details<br>▸ Vault Positions<br>▸ Order Details<br>▸ Account Statement History<br>▸ Daily Statement History |



# INSIDE PMEX: RISK AND MARKET SURVEILLANCE (RMS)

Each quarter, this segment focuses on the role of a particular department of the Exchange. In the previous issue, we covered Marketing, Business Development & Customer Support Services Department. This issue features the role of Risk and Market Surveillance (RMS).

## Department Overview

The Department comprises of two sections, namely, Risk and Market Surveillance.

## Risk

### Key Functions

- Determine daily and final settlement price of each commodity futures contract listed at the Exchange
- Compute margins using Value at Risk (VAR) methodology
- Analyze scenarios by undertaking stress testing of various risk models
- Monitor and assess client exposures
- Ensure comprehensive Enterprise Risk Management (ERM) framework

## Market Surveillance

### Key Functions

- Monitor and detect any irregularity in the trading patterns of clients
- Monitor Exchange BOTs and feed injectors 21 hours a day to ensure uninterrupted trading activity
- Monitor Broker/Market Maker positions throughout the day
- Monitor international news that may affect commodity trading

**SHEHZAD HUSSAIN**
Head of Risk & Market Surveillance

Shehzad Hussain, Head of Risk & Market Surveillance joined PMEX in May 2004, since then he has been involved in the development of standard operating procedures and guidelines for Market Operations, Clearing and Settlements, Membership and Compliance and Market Surveillance. He is also supervising business requirements testing of the Exchange and Trading Applications and provides technical expertise to internal departments to ensure complete system integrity.

Shehzad completed four years of mandatory training under Chartered Accountants Bye-Laws from M/S KPMG Taseer Hadi & Co., Chartered Accountants in April 2004 and has an extensive experience in financial and IS audits of various companies, local and multinational entities including financial institutions.

He is an associate member of Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP) and Institute of Cost and Management Accountants of Pakistan (ICMAP) and is a Certified Information System Auditor (CISA) of Information System Audit Control Association (ISACA).



# TOP TEN BROKERS

| TOTAL CONTRACTS TRADED: 875,437 \| TOTAL RUPEE VALUE TRADED: 386.183 BILLION \| NUMBER OF ACTIVE BROKERS: 60 | | |
|---|---|---|
| Ranking | Based On Traded Contracts | Based On Traded Value |
| 1 | H.G Markets (Pvt.) Limited | H.G Markets (Pvt.) Limited |
| 2 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 3 | Enrichers (Pvt.) Limited | Jahanzeb |
| 4 | JS Global Capital Limited | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited |
| 5 | KASB Securities Limited | JS Global Capital Limited |
| 6 | Abbasi & Co. (Pvt.) Limited | Invest Capital Markets Limited |
| 7 | Jahanzeb | KASB Securities Limited |
| 8 | Arsh Commodities (Pvt.) Limited | Khadija Commodities (Pvt.) Limited |
| 9 | Khadija Commodities (Pvt.) Limited | Murtaza Trading Grid (Pvt.) Limited |
| 10 | Blink Capital Management (Pvt.) Limited | Sheikh Muhammad Shabbir |

# CIRCULARS

The following circulars were released during April- June 2016 quarter:

### April 6, 2016

PMEX announced the launch of three Milli Ounce Gold Futures Contracts that were made available for trading from Thursday, April 07, 2016. These were

1) PMEX CAD Gold (Milli Ounces) Futures Contract,
2) PMEX CHF Gold (Milli Ounce) Futures Contract and
3) PMEX AUD Gold (Milli Ounces) Futures Contract.

### April 14, 2016

PMEX brought attention of brokers to Circular No. NCEL/Compliance/12-2010 and PMEX/MEM/16-2012 dated April 28, 2010 and April 30, 2012 respectively. In these circulars, the brokers were requested to submit the complete documents for renewal of broker registration so that the same may be scrutinized and forwarded to the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) in time. They were also advised to ensure strict compliance with the directives of the SECP to avoid any disciplinary action by the Commission.

### May 06, 2016

All brokers were informed that on Saturday, May 07, 2016, there would be a trading systems business continuity drill to ensure readiness in case of any eventuality. They were also informed that PMEX trading systems would run on simulated price feed and trades resulting on this day would not attract any financial obligations.

### May 13, 2016

All brokers were informed that they might experience slow connectivity or difficulty in connecting to PMEX trading system from May 14 – 21, 2016 due to degradation of internet service as a result of country –wide uplink connectivity issue with international cable system.

### May 13, 2016

PMEX informed all brokers about theproposed listing of additional contracts of Red Chilli. Moreover, Brokers interested to participate in these physical deliverable futures contracts were advised to register for training.

### May 24, 2016

All brokers were informed about an early market closure on Monday, May 30, 2016 on account of an international holiday.

### May 25, 2016

All brokers were informed that they might experience slow connectivity or difficulty in connecting to PMEX trading system from May 25 – June 02, 2016 due to degradation in internet service as a result of uplink connectivity issue with international cable system.

### June 17, 2016

All the stakeholders were informed abouta referendum in UK regarding an exit from the European Union (Brexit) on June 23, 2016.

### June 27, 2016

PMEX announced the reduction in auto-liquidation threshold limit with effect from June 28, 2016. Brokers desirous of adjusting the thresholds were advised to contact Customer Support Services.


### June 29, 2016

All brokers were informed that there would be an early market closure on account of an international holiday on Monday, July 04, 2016. However, regular schedule would be followed for all the local commodities.


To learn more about the aforementioned circulars, log on to www.pmex.com.pk

# PMEX HIGHLIGHTS

## PMEX Volume Comparison with Stock Exchange in PKR Billions





## Volumes of 4 Major Commodities





## Traded Volume




## UINs




## New Demo Trading Accounts



# PRICE TREND OF COMMODITIES

## Gold





## Gold EURUSD





## Gold GBPUSD




## Gold USDJPY




## Gold USDCAD




## Gold USDCHF




## Gold AUDUSD




## Silver




## Crude Oil




## International Cotton





## Palm Olein




## Sugar




## Wheat





## IRRI-6 Rice




## KIBOR

3 months contract



PAKISTAN
MERCANTILE
EXCHANGE
PMEX

# پلس
## نیوزلیٹر

شمارہ 11، اپریل۔ جون 2016

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE

**پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)**
3-B ، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV ، چوہدری خلیق الزماں روڈ،
گزری، کراچی، 75600 ، پاکستان
یو اے این: 623-623-111-21-92+
فیکس: 35155022-21-92+
ای میل: info@pmex.com.pk
ویب: www.pmex.com.pk

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس) پاکستان کا پہلا ڈی میوچلائزڈ اور واحد ملٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔ اس کے شیئر ہولڈرز میں نیشنل بنک آف پاکستان (این بی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس) آئی ایس ای ٹاورز ریٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ایل ایس ای فنانشل سروسز لمیٹڈ، پاک برونائی انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، زرعی ترقیاتی بنک لمیٹڈ اور پاک کویت انوسٹمنٹ کمپنی شامل ہیں۔ ایکسچینج متنوع مقامی اور انٹرنیشنل کموڈیٹیز اور فنانشل فیوچرز ٹریڈنگ کے لئے پیش کرتا ہے۔ اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل ایک انتہائی جدید انفراسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلیئرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔ اس وقت 323 ممبرز ایکسچینج سے وابستہ ہیں اور روزانہ کا اوسط تجارتی حجم 3 سے 5 ارب روپے کے درمیان رہتا ہے۔ پی ایم ای ایکس مختلف بین الاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم)، ہنگری اور فیوچرز انڈسٹری ایسوسی ایشن (ایف آئی اے)، امریکہ شامل ہیں، ایکسچینج بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج، دبئی گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس) اور ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) کے ساتھ مفاہمتی معاہدے بھی کر چکا ہے۔

## اہم وضاحت

اس نیوز لیٹر میں فراہم کی جانے والی معلومات کا بنیادی مقصد قارئین میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ نہ تو یہ کسی قسم کی پیش کش ہے اور نہ ہی اس کا مقصد انکو کموڈٹی فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دینا ہے جو خطرہ سے مبرا نہیں۔ اس میں بیان کردہ خیالات، اظہار یا رائے کا مقصد پڑھنے والوں کو صرف معلومات فراہم کرنا ہے۔

پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی پبلیکیشن
ڈیزائن ایجنسی: کونتے
پرنٹر: ایپل ٹری گرافکس

# مندرجات


۱۔ ملی اونس گولڈ فیوچرز کنٹریکٹس

۲۔ ایس ای سی پی نے ویئر ہاؤسنگ اور کولیٹرل مینجمنٹ کے قوانین کا مسودہ تیار کرلیا

۳۔ پی ایم ای ایکس پر ریڈ چلی کی ٹریڈنگ ایک قدم اور آگے

۴۔ پی ایم ای ایکس کی ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹس کی 19 ویں سالانہ کانفرنس میں شرکت

۵۔ پی ایم ای ایکس اور ایران مرکنٹائل ایکسچینج کے دوران مفاہمتی یادداشت پر دستخط

۶۔ پی ایم ای ایکس میں ملتان کے نئے ممبر کو خوش آمدید

۷۔ ایس ای سی پی کا فیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام

۸۔ ایف ایم ڈی کے وفد کا پی ایم ای ایکس کا دورہ

۹۔ پی ایم ای ایکس کی ٹریننگ ورکشاپ میں شرکت

۱۰۔ آگاہی پروگرامز

۱۱۔ انویسٹر ایجوکیشن

۱۲۔ ان سائیڈ پی ایم ای ایکس: رسک اینڈ مارکیٹ سرویلنس ( آر اے ایم ایس )

۱۳۔ دس سرفہرست بروکرز

۱۴۔ سرکلرز

۱۵۔ پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں

۱۶۔ اشیاء کی قیمتوں کا رجحان

## ملی اونس گولڈ فیوچرز کنٹریکٹس

پی ایم ای ایکس کی مسلسل کوشش ہے کہ نئی پراڈکٹس کو متعارف کرائے تاکہ پیش کی جانے والی پراڈکٹس کے مجموعہ کو وسعت دی جائے جو مختلف سرمایہ کاروں کی ضرورت کو پورا کرسکیں۔ ماضی میں ایکسچینج گولڈ کے مختلف مالیت اور مدت کے کنٹریکٹس متعارف کرا چکا ہے۔ تاہم مارکیٹ کے شرکاء کی طلب کو مدنظر رکھتے ہوئے ایکسچینج نے ''ملی اونس گولڈ'' کے فیوچرز کنٹریکٹس متعارف کرائے ہیں۔

پہلے مرحلہ میں ایکسچینج نے ملی اونس گولڈ کے چار کنٹریکٹس متعارف کرائے جو مختلف کرنسیز میں تھے مثلاً امریکی ڈالر، یورو، برٹش پاؤنڈ اور جاپانی ین۔

دوسرے مرحلہ میں پی ایم ای ایکس نے ملی اونس گولڈ کے درج ذیل کنٹریکٹس متعارف کرائے جن کو 17 اپریل 2016 سے ٹریڈنگ کے لئے پیش کیا گیا۔

۱) پی ایم ای ایکس کینیڈین ڈالر گولڈ (ملی اونس) فیوچرز کنٹریکٹ
۲) پی ایم ای ایکس سوئز فرینک گولڈ (ملی اونس) فیوچرز کنٹریکٹ
۳) پی ایم ای ایکس آسٹریلین ڈالر گولڈ (ملی اونس) فیوچرز کنٹریکٹ

مندرجہ بالا کنٹریکٹس بھی ''کمپوزٹ آرڈر ٹریڈنگ سسٹم'' کوٹس کا استعمال کرتے ہیں جس میں ٹریڈر ملی اونس گولڈ کنٹریکٹس میں بیک وقت دو پوزیشنز حاصل کرسکتا ہے۔ باالفاظ دیگر اگر کوئی ٹریڈر بیک وقت پی ایم ای ایکس امریکی ڈالر گولڈ میں لانگ پوزیشن اور پی ایم ای ایکس آسٹریلین ڈالر گولڈ میں شارٹ پوزیشن لینا چاہتا ہے تو وہ کوٹس کے ذریعے ایک ہی آرڈر لگائے گا۔ پہلی ٹریڈ میں گولڈ کی لانگ اور دوسری ٹریڈ میں گولڈ کی شارٹ ٹریڈ ایک دوسرے کو منسوخ کردیں گی جس کے نتیجہ میں ٹریڈر کے پاس آسٹریلین ڈالر/امریکی ڈالر پوزیشن باقی بچ جائے گی۔

### ملی اونس گولڈ فیوچرز کنٹریکٹس کی تفصیلات

| | پی ایم ای ایکس کنیڈین ڈالر گولڈ | پی ایم ای ایکس سوئز فرینک گولڈ | پی ایم ای ایکس آسٹریلین ڈالر گولڈ |
|---|---|---|---|
| ٹریڈنگ کے دن | پیر تا جمعہ | | |
| ٹریڈنگ کے اوقات | صبح 5 بجے سے اگلی صبح 2 بجے پی ایس ٹی (21 گھنٹے) | | |
| ٹریڈنگ یونٹ | ملی (0.001) ٹرائے اونس | | |
| ٹریڈنگ سسٹم | پی ایم ای ایکس ای ٹی ایس | | |
| پرائس کوٹیشن | کنیڈین ڈالر فی ٹرائے اونس<br>چار اعشاریہ پوائنٹ تک | سوئس فرینک فی ٹرائے اونس<br>چار اعشاریہ پوائنٹ تک | آسٹریلین ڈالر فی ٹرائے اونس<br>چار اعشاریہ پوائنٹ تک |

## ایس ای سی پی نے وئیر ہاؤسنگ اور کولیٹرل مینجمنٹ کے قوانین کا مسودہ تیار کرلیا

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے زرعی شعبہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے وئیر ہاؤسنگ اور کولیٹریل مینجمنٹ کے قوانین کا مسودہ تیار کیا ہے جس کا مقصد ویئر ہاؤسنگ کے اچھے طریقہ کار کو یقینی بنانا، خرد برد کی روک تھام اور وئیر ہاؤس رسید رکھنے والوں کے لئے سہولت فراہم کرنا ہے تاکہ کاشتکاروں اور بنکوں کے مفادات کا تحفظ کیا جاسکے۔

ان تجویز کردہ قوانین کے تحت ایک منظور شدہ وئیر ہاؤس آپریٹر سے حاصل شدہ رسید کو بنک کے پاس بطور ضمانت رکھ کر قرضہ حاصل کیا جاسکتا ہے یا ان کی پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج (پی ایم ای ایکس) پر ٹریڈنگ کی جاسکتی ہے۔

ویئر ہاؤس رسید سسٹم کے استعمال سے درج ذیل فوائد حاصل ہوں گے:

۱۔ کاشتکار کے لئے مؤثر اور سہل طریقہ سے قرضہ تک رسائی
۲۔ کموڈٹی مارکیٹ میں کاشتکاروں کی بھرپور شرکت
۳۔ کاشتکاروں کو اس وقت تک اپنی فصل ذخیرہ کرنے کی سہولت جب تک قیمت ان کے حق میں نہ ہو جائے اور ان کو اپنی فصل دباؤ کے تحت بیچنے سے بچانا
۴۔ فصل معیاری گوداموں میں جمع رکھنے کی سہولت کے ذریعے بعد از پیداوار ضیاع پر قابو
۵۔ قرضہ دینے والے اداروں کا بہتر ضمانت کے ذریعے خطرات سے بچاؤ
۶۔ پی ایم ای ایکس کے ذریعے زرعی پیداوار کی تجارت کا فروغ

# پی ایم ای ایکس پر ریڈ چلی کی ٹریڈنگ ایک قدم اور آگے

اکتوبر 2015 میں پی ایم ای ایکس نے ریڈ چلی کے تین ہفتہ وار فیوچرز ڈلیوریبل کنٹریکٹس متعارف کرائے جو لونگی/ڈنڈی کٹ قسم کے مختلف معیار کے مطابق تھے۔ اگرچہ یہ کسی بھی مصالحہ کی ایکسچینج پر پہلی لسٹنگ تھی، تمام مارکیٹ کے شرکاء کی بھرپور شرکت نے پی ایم ای ایکس کو ایک سنگِ میل عبور کرنے میں مدد دی جس میں کاشتکاروں، ٹریڈرز اور خریداروں کا بھرپور تعاون شامل تھا۔ تین ماہ کی مختصر مدت کے دوران 600 ٹن سے زائد مقدار کی ریڈ چلی کے پی ایم ای ایکس پر سودے ہوئے اور ان کی ترسیل خریداروں کو کی گئی۔ پی ایم ای ایکس کو مارکیٹ کی شرکاء کا حوصلہ افزاء جواب ملا جو بہتر معیار کی ریڈ چلی کی پیداوار، کاشتکاروں کو جلد نقد رقوم کی ادائیگی اور ریڈ چلی کی تجارت میں بحیثیت مجموعی بہتری کی شکل میں تھا۔

اپنی اس کامیابی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پی ایم ای ایکس آئندہ فصل کے موقع پر ریڈ چلی کی ایک اور قسم ہائبرڈ ٹریڈنگ کے لئے پیش کرے گا۔ گزشتہ سالوں کے دوران ہائبرڈ کی پیداوار میں لونگی/ڈنڈی کٹ کے مقابلہ میں بڑی مقدار میں اضافہ ہوا ہے۔ اس قسم کی ریڈ چلی کے ٹریڈنگ کے مراکز پاکستان بھر میں بالخصوص کنری صوبہ سندھ اور فیصل آباد صوبہ پنجاب میں پھیلے ہوئے ہیں۔ پی ایم ای ایکس پر ریڈ چلی کی ہائبرڈ قسم کی شمولیت اور فیصل آباد میں سینٹر کھولنے سے ٹریڈنگ کے حجم میں اضافہ ہوگا جس سے ریڈ چلی ویلیو چین کے شرکاء کی بڑی تعداد مستفیض ہوگی۔ ریڈ چلی کے کاشتکاروں کی سہولت کے لئے پی ایم ای ایکس آنے والی فصل کے موقع پر مختلف بنکوں کے ساتھ مل کر ویئر ہاؤس رسید کی فنانسنگ کے لئے کام کر رہا ہے۔ اس پروگرام کے تحت ریڈ چلی کے کاشتکار گودام کی جانب سے جاری کردہ رسید کے عوض بنکوں سے قرضہ پر رقم حاصل کر سکیں گے۔

گودام کی رسید حاصل کرنے کے لئے کاشتکاروں کو اپنی لال مرچ پی ایم ای ایکس کے نامزد کردہ گوداموں میں ایس جی ایس پاکستان سے معیار کا تصدیقی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے بعد جمع کرانی ہوگی۔ جب کاشتکار کو گودام کی رسید مل جائے تو اس کو دو متبادل میسر ہوں گے:
(۱) اپنی جمع کردہ مقدار جس وقت قیمت مناسب سطح پر ہو فروخت کر دے یا (۲) گودام کی رسید کے عوض کسی بنک سے قرضہ لیکر اپنی رقم کی فوری ضرورت پوری کر لے۔ اس طرح کاشتکار نامناسب حالات میں اپنی فصل فروخت کرنے سے بچ جائیں گے اور زیادہ عرصہ تک فصل اپنے پاس رکھ سکیں گے۔ معیار کے تصدیقی نظام کے تحت نامزد کردہ گودام میں مال ذخیرہ کرنے اور پی ایم ای ایکس پر ٹریڈنگ کا مقصد یہ ہے کہ نہ صرف کاشتکاروں کو اپنی فصل کی بہترین ممکنہ قیمت مل سکے بلکہ خریدار بھی اعلیٰ معیار کی تصدیق شدہ لال مرچ حاصل کر سکیں۔

کاشتکاروں اور خریداروں میں آگاہی بڑھانے کے لئے ایکسچینج ایس ای سی پی کی معاونت سے کنری، فیصل آباد اور کراچی میں آگاہی پروگرام منعقد کر چکا ہے۔

آنے والے دنوں میں پی ایم ای ایکس ریڈ چلی کے ماڈل کو بنیاد بنا کر دیگر ایگری کلچرل کموڈیٹیز میں ٹریڈنگ کے منصوبہ پر عمل درآمد کرنا چاہتا ہے۔



# پی ایم ای ایکس کی ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹس کی 19 ویں سالانہ کانفرنس میں شرکت

پی ایم ای ایکس نے ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹس (اے ایف ایم) کی جانب سے منعقد ہونے والی 19 ویں سالانہ کانفرنس میں شرکت کی۔ اس کانفرنس کا انعقاد بورسا استنبول نے ترکی کے شہر استنبول میں 18 اور 19 اپریل 2016 کو کیا۔

اس کانفرنس نے دنیا بھر سے تعلق رکھنے والے کلیئرنگ ہاؤسز، ایکسچینجز، ریگولیٹرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو ایک جگہ جمع ہو کر ابھرتے ہوئے مارکیٹس کے رجحانات اور کاروبار کو درپیش مسائل کے بارے میں گفتگو کرنے کا موقع فراہم کیا۔ اس دوروزہ کانفرنس میں خطرات سے نمٹنے کے لئے پینل کی گفتگو، توانائی کی تجارت، ایگری کلچرل کموڈیٹیز کی ڈیری ویٹو مارکیٹس کی ابھرتی ہوئی معیشتوں میں ڈویلپمنٹ، اسلامی مالیاتی مارکیٹس اور موجودہ مارکیٹس کو درپیش چیلنجز جیسے اہم موضوعات پر بات چیت شامل تھی۔



پی ایم ای ایکس کی نمائندگی فرحان طاہر، چیف فنانشل آفیسر اور صوبیہ اشرف، مینجر مارکیٹنگ نے کی۔ کانفرنس نے پی ایم ای ایکس کو اس پلیٹ فارم پر بھرپور اور مصروف رکھنے والی گفتگو کے ساتھ نئے روابط اور موجودہ رابطوں کو پختہ کرنے کا موقع فراہم کیا جس میں اے ایم ایف کے ممبرز، شرکاء آرگنائیزیشنز اور خطے میں کام کرنے والے دیگر شرکاء شامل تھے۔

پی ایم ای ایکس نے اے ایف ایم میں بطور ایسوی ایٹ ممبر مارچ 2012 میں شمولیت اختیار کی تھی۔ فروری 2014 میں ایکسچینج کو 'فل ممبر' کا درجہ دیا گیا۔ اس اہم رتبہ کے حصول سے پی ایم ای ایکس کو ایسوی ایشن کی پالیسی سازی اور مختلف باڈیز کے پلیٹ فارمز پر بھرپور شرکت کرنے اور پاکستان کی نمائندگی کا موقع مل گیا۔

## پی ایم ای ایکس اور ایران مرکنٹائل ایکسچینج کے دوران مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پی ایم ای ایکس اور ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) نے 30 جون 2016 کو ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیئے۔ دستخط کرنے کی رسم کی میزبانی تہران میں آئی ایم ای نے کی۔ اس یادداشت پر اعجاز علی شاہ، مینجنگ ڈائریکٹر، پی ایم ای ایکس اور حامد سلطانی نژاد، مینجنگ ڈائریکٹر، آئی ایم ای نے دستخط کیئے۔

پی ایم ای ایکس کے اس مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے کی بنیادی وجہ آئی ایم ای کے ایگری کلچرل کموڈیٹیز کے ڈیلوراایبل کنٹریکٹس کی ایک ایکسچینج کے ٹریڈنگ پلیٹ فارم کے تجربات سے مستفیض ہونا ہے۔ پاکستان اور ایران بہت سی کموڈیٹیز میں تجارت کرتے ہیں اس لئے پی ایم ای ایکس اور آئی ایم ای کراس لسٹنگ کے امکانات پر غور کریں گے تاکہ دوطرفہ تجارت کو قیمت اور سہولت کی بنیادوں پر زیادہ مؤثر بنایا جاسکے۔

مزید برآں اس مفاہمتی یادداشت کے ذریعے دونوں اداروں کے لئے ایران اور پاکستان میں ڈیری ویٹوز اور فنانشل مارکیٹس کی نشوونما اور پھیلاؤ کے لئے ایک ساتھ کام کرنے کی راہ ہموار ہوگی۔ یہ حدف بہترین پریکٹسز، مارکیٹ انفارمیشن، صنعت کی معلومات اور اسٹاف کی ایک دوسرے کے یہاں ٹریننگ کے ذریعے حاصل کیا جائے گا۔



## پی ایم ای ایکس میں ملتان کے نئے ممبر کو خوش آمدید

ایم ایچ بی مارکیٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ نے پی ایم ای ایکس میں بطور ممبر شمولیت اختیار کی ہے۔ اس نے اپنے کاروبار کی ابتداء یکم جون 2016 کو ملتان کے تاریخی شہر سے کی ہے۔ اس شہر کی شاندار تاریخی حیثیت ہے اور بلند فی کس آمدنی کی وجہ سے روشن مستقبل کے امکانات ہیں۔

ایکسچینج ایم ایچ بی کو پی ایم ای ایکس سے بطور ممبر وابستگی پر خوش آمدید کہتا ہے اور بھروسہ رکھتا ہے وہ ایکسچینج کو پنجاب بھر میں ہر ایک گھر میں جانا پہچانا نام بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔

پی ایم ای ایکس کو یقین ہے کہ ایم ایچ بی مارکیٹس ملتان کے شہریوں کو اس کے جدید ٹیکنالوجی پر مشتمل ٹریڈنگ پلیٹ فارم کے ذریعے فیوچرز میں ٹریڈنگ کا موقع فراہم کرے گا۔

پی ایم ای ایکس نے چھوٹے بڑے شہروں تک اپنا بروکر نیٹ ورک بڑھانے کا سفر شروع کیا ہے تاکہ ملک بھر میں پھیلے انویسٹرز کو سرمایہ کاری کے نئے مواقع فراہم کیے جاسکیں۔






# ایس ای سی پی کا فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام




سیکورٹیز اینڈ کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کیپٹل مارکیٹ کی ایپکس ریگولیڑی اتھارٹی ہے۔ اس نے کیپٹل مارکیٹ ڈولپمنٹ کا ایک مفصل پلان تیار کیا ہے جس کا مقصد موجودہ اور ممکنا سرمایہ کاروں کی تربیت کر کے ان میں مالی خواندگی بڑھانا ہے تا کہ وہ اپنے حقوق، کردار اور ذمہ داریوں کو سمجھ سکیں۔

عوام الناس تک پہنچنے کا آزمودہ طریقہ ٹرینرز کی ٹریننگ پروگرام ہے۔ اس طریقہ پر عمل کرتے ہوئے ایس ای سی پی نے یونیورسٹیز اور بزنس اسکولز کے لئے ایک فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام (ایف ڈی پی) شروع کیا ہے۔ اس کے پہلے مرحلہ میں کراچی میں 31 مئی 2016 کو اور اسلام آباد میں 6 جون 2016 کو پروگرامز منعقد کئے گئے۔

اس مکمل دن کے ایونٹ میں پاکستان کے فنانشل سیکٹر سے وابستہ نمایاں مقررین نے شرکت کی جن کا تعلق پاکستان اسٹاک ایکسچینج، پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج، ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں، اسلامی مالی اداروں، ریٹ اور بنکنگ سیکٹر سے تھا۔

ان دونوں ایونٹس میں پی ایم ای ایکس کی نمائندگی نعمان لاکھانی ہیڈ آف مارکیٹنگ، بزنس ڈولپمنٹ اور کسٹمر سپورٹ سروسز نے کی۔ انھوں نے حاظرین کو فیوچرز مارکیٹ اور ایکسچینج پر زرعی مصنوعات کے ڈیلوراایبل کنٹریکٹس کی لسٹنگ کے بارے میں آگاہ کیا۔ ان کی تقریر کا مرکزی نقطہ پاکستان کے ایک ریگولیٹڈ ایکسچینج پر ٹریڈنگ کے فوائد اور فیوچرز میں ٹریڈنگ سرمایہ کاری کا ایک متبادل منصوبہ تھا۔

# ایف ایم ڈی کے وفد کا پی ایم ای ایکس کا دورہ

8 جون 2016 کو یوایس اے آئی ڈی کی مالی معاونت سے قائم کردہ فنانشل مارکیٹ ڈولپمنٹ (ایف ایم ڈی) کے وفد نے پی ایم ای ایکس کے دفتر کا دورہ کیا۔ اس وفد کی سربراہی پال ڈیوس کر رہے تھے جو پراجیکٹ ڈائریکٹر اور ایکٹنگ چیف آف پارٹی ہیں۔

اس وفد کے دیگر شرکاء میں جم ڈیفی وائس پریذیڈنٹ، جان کرولی ریزیڈنٹ ایڈوائزر ڈیٹ کیپٹل مارکیٹ، ورنر ریکی ریذیڈنٹ ایڈوائز گورنمنٹ ڈیٹ مینجمنٹ اور عامر خان ڈیٹ کیپٹل مارکیٹ ایکسپرٹ شامل تھے۔

ایف ایم ڈی پراجیکٹ کا دورانیہ پانچ سال ہے جس کے دوران ٹیکنیکل اور ٹریننگ پروگرامز میں شرکت کی جائے گی جس کے ذریعے مسابقتی قوت بڑھائی جا سکے گی اور پاکستان کی ڈیٹ کیپٹل مارکیٹ کی گہرائی اور وسعت بڑھائی جا سکے گی۔ اس پراجیکٹ کی انفرادیت یہ ہے اس کے ذریعے قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک تیار کیا جا سکے گا جو کموڈٹی ویئر ہاؤسز / رسید فنانسنگ میکنزم کے لئے ضروری ہے۔

پی ایم ای ایکس کے اہلکاروں نے وفد کے اراکین کو خوش آمدید کہا اور ان کو ایکسچینج کے جامع بزنس ماڈل، ٹیکنالوجی انفرا اسٹرکچر، ریگولیٹری فریم ورک اور موجودہ اور مستقبل میں متعارف کی جانے والی پراڈکٹس کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ اس بریفنگ کے بعد وفد کے اراکین کو پی ایم ای ایکس کے دفتر کا دورہ کرایا گیا۔

پی ایم ای ایکس نے یوایس اے ڈی۔ ایف ڈی ایم کے ساتھ کام کرنے میں گہری دلچسپی ظاہر کی اور پاکستان میں کموڈٹی ویئر ہاؤس / رسید فنانسنگ میکنزم کے قیام میں وفد کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔



# پی ایم ای ایکس کی ٹریننگ ورکشاپ میں شرکت

سینٹر فار انٹرنیشنل پرائیوٹ انٹر پرائز (سی آئی پی ای) پاکستان نے مئی 2016 میں صحافیوں کے لئے ایک مکمل دن پر محیط ورکشاپ کا انعقاد کیا اس کا موضوع تھا ''ایفیکو اکنامک جنرل ازم'' اور اس کے شرکاء ماس کمیونیکیشن کے پروفیشنلز تھے۔

اس ورک شاپ کو منعقد کرنے کا مقصد ان لوگوں کی رپورٹنگ کی مہارت میں اضافہ اور ان موضوعات کی نشاندہی تھی جو عام طور پر مناسب توجہ حاصل نہیں کر پاتے۔ پی ایم ای ایکس کو اس ورک شاپ میں خصوصی طور پر مدعو کرنے کا مقصد یہ تھا کہ صحافیوں کی فیوچرز کی ٹریڈنگ اور ایکسچینج کے الیکٹرانک ٹریڈنگ پلیٹ فارم کے بارے معلومات میں اضافہ کیا جاسکے۔ شرکاء کو ایکسچینج کے بارے میں تیار کردہ ڈاکومینٹری دکھانے کے بعد ایک تفصیلی پریزینٹیشن دی گئی۔



# آگاہی پروگرامز

پاکستان میں فعال کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ کی نشوونما کے لئے پی ایم ای ایکس نے 2016 کی دوسری سہ ماہی کے دوران آگاہی کے مختلف پروگرامز جس میں ٹریننگ ورک شاپس، سیمینارز، پریزنٹیشنز، روڈ شوز اور مختلف ایونٹس شامل تھے شرکت کی۔

## تعلیمی اداروں کی آمد

طلبا میں ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم کے ذریعے کموڈٹیز میں سرمایہ کاری کے فوائد کے بارے میں آگاہی بڑھانے کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے پی ایم ای ایکس نے کالج آف اکاؤنٹنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (سی اے ایم ایس) اور ڈی ایچ اے صفہ یونیورسٹی کراچی کے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کو اپنے دفتر میں مدعو کیا اور دو طرفہ گفتگو کے ذریعے آگاہی بڑھائی۔

ان سیشنز کی ابتداء پی ایم ای ایکس کے بارے میں ایک ڈاکومینٹری دکھانے سے ہوئی جس کے بعد ایک پریزنٹیشن کے ذریعے ایکسچینج کے جامع بزنس ماڈل، ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر اور موجودہ اور آئندہ پیش کی جانے والی مصنوعات کے بارے میں بتایا گیا۔ اس کے بعد شرکاء کے سوالات کے جوابات دیئے گئے۔ طلباء نے ایکسچینج پر ہونے والی ٹریڈنگ میں گہری دلچسپی لی۔ ان کو ڈیمو ٹریڈنگ اکاؤنٹ کھولنے کی پیش کش کی گئی۔ جو پی ایم ای ایکس میں ہونے والی ٹریڈنگ کی حقیقی نقل ہے جس کے ذریعے فیوچرز ٹریڈنگ کا بالمشافہ تجربہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔







# انویسٹرایجوکیشن

پی ایم ای ایکس ایک بھرپورفرنٹ اینڈ ٹریڈنگ سسٹم 'نیکسٹ' اور بیک آفس سسٹم فراہم کرتا ہے جو تین آزاد پلیٹ فارمز پر مشتمل ہے جن کے نام ہیں کلیئرنگ، سیٹلمنٹ اور رپورٹنگ 'سی ایس آر' ٹریڈز اکاؤنٹ مینجمنٹ سسٹم 'ٹی اے ایم ایس' اور ای بکس ہیں۔ پی ایم ای ایکس کے ٹریڈنگ سسٹمز کے بارے میں قارئین کی تربیت کے لئے ہر سہ ماہی میں اس سیکشن میں کسی ایک سسٹم کے اہم نکات کے بارے میں بتایا جاتا ہے۔ گزشتہ شمارے میں ہم نے نیکسٹ کے بارے میں بتایا تھا اور اس دفعہ ہم قارئین کو 'سی ایس آر' کی تفصیلات سے آگاہ کریں گے۔

## کلیئرنگ، سیٹلمنٹ اور رپورٹنگ (سی ایس آر)

سی ایس آر ایک ویب بیسڈ کلیئرنگ ہاؤس اور بیک آفس سسٹم ہے جو پی ایم ای ایکس نے خود تیار کیا ہے۔ یہ ممبرز کو اپنے کلائنٹس کی کلیئرنگ اور سیٹلمنٹ کی ضرورتوں کو اعلیٰ ترین کارکردگی کے ساتھ پورا کرنے اور تفصیلی رپورٹس تیار کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس میں آسانی سے استعمال ہونے والا یوزر انٹرفیس ہے۔ یہ سسٹم پی ایم ای ایکس کے ممبروں کو بلامعاوضہ فراہم کیا جاتا ہے۔







| ڈیلی آپریشنز | سیٹ اپ | مارکیٹ انفارمیشن | آپریشن رپورٹز | سرویلنس |
|---|---|---|---|---|
| ◄ فنڈ مینجمنٹ (فنڈ ایلوکیشن، فنڈ ودھ ڈراول فنڈ ٹرانسفر اینڈ اپروول اور سیکورٹیز ریلیز)<br>◄ کمیشن مینجمنٹ (کمیشن اپ لوڈ اینڈ ڈاؤن لوڈ) | ◄ بنک اکاؤنٹ مینجمنٹ (بنک اکاؤنٹ نمبرز، پرائمری بنک اکاؤنٹ)<br>◄ کی پرسنیل سیٹ اپ | ◄ سیشن مینجمنٹ (سیشن مارکیٹ پرائس، سیشن ہسٹری، سپریڈ مارکیٹ پرائس)<br>◄ کنٹریکٹ رپورٹس<br>◄ مارجن رپورٹس<br>◄ کموڈٹی رپورٹس | ◄ جنرل لیجر<br>◄ ٹریڈر فنڈز<br>◄ سیٹلمنٹ کال<br>◄ کی پرسنیل ڈیٹیلز<br>◄ بروکر ایکسپوژر کلائنٹ وائز<br>◄ ٹریڈر بیلنس | ◄ ٹریڈ ڈیٹیلز<br>◄ پوزیشن سمری<br>◄ اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ<br>◄ ڈیلی سیٹلمنٹ<br>◄ کلائنٹ مارجن کال<br>◄ ٹکٹ ٹریڈ ڈیٹیلز<br>◄ والٹ پوزیشنز<br>◄ آرڈر ڈیٹیلز<br>◄ اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ ہسٹری<br>◄ ڈیلی اسٹیٹمنٹ ہسٹری |

# ان سائیڈ پی ایم ای ایکس
# رسک اینڈ مارکیٹ سرویلنس
# (آر اے ایم ایس)

ہر سہ ماہی میں اس حصہ میں ایکسچینج کے کسی ایک ڈیپارٹمنٹ کے کردار کے بارے میں بتایا جاتا ہے۔ گذشتہ شمارے میں ہم نے مارکیٹنگ، بزنس ڈولپمنٹ اینڈ کسٹمر سپورٹ سروسز ڈیپارٹمنٹ کے بارے میں گفتگو کی تھی۔ اس شمارے میں رسک اینڈ مارکیٹ سرویلنس (آر اے ایم ایس) کے بارے میں بتایا جائے گا۔

## ڈیپارٹمنٹ کا مختصر تعارف

یہ ڈیپارٹمنٹ رسک اینڈ مارکیٹ سرویلنس کے شعبوں پر مشتمل ہے۔

## رسک

### کلیدی ذمہ داریاں

- روزانہ کی بنیاد پر ایکسچینج پر درج ہر ایک فیوچرز کنٹریکٹ کی فائنل سیٹلمنٹ پرائز کا تعین
- ویلیو ایٹ رسک کی بنیاد پر روزانہ مارجنز کا حساب کتاب
- حالات کا تجزیہ اور مختلف رسک ماڈلز کے ذریعے سٹریس ٹیسٹنگ
  کلائنٹ ایکسپوژر کی نگرانی اور جائزہ
- انٹرپرائز رسک مینجمنٹ (ای آر ایم) فریم ورک پر جامع عمل کی یقین دھانی

## مارکیٹ سرویلنس

### کلیدی ذمہ داریاں

- کلائنٹس کے ٹریڈنگ کے طریقہ کار میں ہونے والی غیر معمولی سرگرمی کی نگرانی اور نشان دہی
- دن کے 21 گھنٹوں کے دوران شفاف اور بلاتعطل ٹریڈنگ کے لئے بوٹس اور فیڈ انجیکٹرز کی نگرانی
- دن بھر بروکر اور مارکیٹ میکر کی پوزیشنز کی نگرانی
- ان بین الاقوامی خبروں کی نگرانی جو کموڈٹی ٹریڈنگ پر اثر انداز ہوتی ہیں

## شہزاد حسین

ہیڈ آف رسک اینڈ مارکیٹ سرویلنس

شہزاد حسین ہیڈ آف رسک اینڈ مارکیٹ سرویلنس نے مئی 2004 میں پی ایم ای ایکس میں شمولیت اختیار کی۔ اسی وقت سے وہ اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز اینڈ مارکیٹ آپریشنز گائیڈ لائنز کی تیاری، کلیئرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، ممبر شپ اینڈ کمپلائنس اور مارکیٹ سرویلنس سے وابستہ رہے ہیں۔ وہ بزنس ریکوائرمنٹ کی ٹیسٹنگ اور سپروائزنگ، ٹریڈنگ ایپلیکیشنز کی تیاری میں تیکنیکی معاونت اور دیگر ڈیپارٹمنٹس کے درمیان کاروباری نقطہ نظر سے مکمل ہم آہنگی کو یقینی بناتے ہیں۔

شہزاد نے اپریل 2004 میں کے پی ایم جی تاثیر ھادی اینڈ کمپنی سے چارٹرڈ اکاؤنٹنس بائی لاز کی 4 سالہ لازمی ٹریننگ مکمل کی۔ انھیں مختلف کمپنیوں کے فنانشل اور آئی ایس آڈٹس کا وسیع تجربہ ہے جس میں مقامی اور بین الاقوامی کمپنیاں اور مالیاتی ادارے شامل ہیں۔

حسین انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنس آف پاکستان (آئی سی اے پی) اور انسٹیٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنس آف پاکستان کے ایسوسی ایٹ ممبر ہیں۔ وہ انفارمیشن سسٹم آڈٹ کنٹرول ایسوسی ایشن (آئی ایس اے سی اے) کے سرٹیفائیڈ انفارمیشن سسٹم آڈیٹر (سی آئی ایس اے) بھی ہیں۔



# دس سرفہرست بروکرز اپریل-جون 2016

| کل تجارتی معاہدے 875,437 | کل تجارتی رقم 86.183 بلین روپے | ایکٹو بروکرز کی تعداد 60 |
|---|---|---|

| درجہ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ۱ | ایچ۔جی۔مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ایچ۔جی۔مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۲ | عارف حبیب کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | این رچز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۳ | این رچز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | جہانزیب |
| ۴ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۵ | کے اے ایس بی سیکورٹیز لمیٹڈ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ |
| ۶ | عباسی اینڈ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ | انویسٹ کیپٹل مارکیٹس لمیٹڈ |
| ۷ | جہانزیب | کے اے ایس بی سیکورٹیز لمیٹڈ |
| ۸ | عرش کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | خدیجہ کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۹ | خدیجہ کموڈیٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | مرتضی ٹریڈنگ گرڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۱۰ | بلنک کیپٹل مینجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ | شیخ محمد شبیر |

# سرکلرز

## اپریل-جون 2016 سہ ماہی کے دوران درج ذیل سرکلرز جاری کئے گئے:

### 6 اپریل 2016

پی ایم ای ایکس نے ملی اونس گولڈ فیوچرز کے تین کنٹریکٹس کے اجراء کا اعلان کیا جن میں جمعرات 7 اپریل 2016 سے ٹریڈنگ شروع کی گئی۔ان کنٹریکٹس کے نام ہیں۔

۱) پی ایم ای ایکس کنیڈین ڈالر گولڈ (ملی اونس) فیوچرز کنٹریکٹ

۲) پی ایم ای ایکس سوئز فرینک گولڈ (ملی اونس) فیوچرز کنٹریکٹ اور

۳) پی ایم ای ایکس آسٹریلین ڈالر گولڈ (ملی اونس) فیوچرز کنٹریکٹ

### 14 اپریل 2016

پی ایم ای ایکس نے بروکر کی توجہ جاری کردہ سرکلرز این سی ای ایل / کمپلائنس/2010-12 اور پی ایم ای ایکس/ایم ای ایم/2012-16 بالترتیب مورخہ 28 اپریل 2010 اور 30 اپریل 2010 کی طرف دلائی۔ان سرکلرز میں بروکرز کو ہدایت کی گئی تھی کہ وہ بروکر رجسٹریشن کی تجدید کے لئے مکمل کاغذات جمع کرائیں تاکہ ان کو جانچ پڑتال کے بعد سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے پاس بروقت جمع کیا جاسکے۔ان کو یہ بھی ہدایت کی گئی کہ ایس ای سی پی کی جاری کردہ ہدایات پر مکمل عمل کریں تاکہ کمیشن کی کسی بھی تادیبی کاروائی سے بچ سکیں۔

### 6 مئی 2016

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ 7 مئی بروز ہفتہ ٹریڈنگ سسٹم کی کاروباری تسلسل کی کسی بھی حادثہ کی صورت میں جاری رکھنے کی صلاحیت کو جانچنے کی مشق کی جائے گی۔انکو اس بات سے بھی آگاہ کیا گیا کہ پی ایم ای ایکس کے ٹریڈنگ سسٹم کو مصنوعی قیمتوں کی بنیاد پر چلایا جائے گا اور اس کے نتیجہ میں ہونے وال ٹریڈنگ کسی بھی قسم کی مالی ادائیگی کی پابند نہیں ہوگی۔

### 13 مئی 2016

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ 14 تا 21 مئی 2016 ان کو رابطہ میں تاخیر یا پی ایم ای ایکس کے ٹریڈنگ سسٹم کے استعمال میں دشواری کا سامنا ہوسکتا ہے جس کی وجہ انٹرنیٹ سروسز کا پست معیار ہوگا جو بین الاقوامی کیبل سسٹم سے رابطہ کے نظام کو بہتر بنانے کے دوران واقع ہوسکتا ہے۔

### 13 مئی 2016

پی ایم ای ایکس نے تمام بروکرز کو ریڈ چلی کے نئے کنٹریکٹس کی لسٹنگ کے بارے میں آگاہ کیا۔وہ بروکرز جو ان کنٹریکٹس میں ٹریڈنگ کی سہولت فراہم کرنا چاہتے ہیں ان کو ہدایت کی گئی کہ وہ فریکلی ڈیلوراایبل کنٹریکٹس میں اگر ٹریڈنگ کی تربیت حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہوں تو رجسٹریشن کرائیں۔

### 24 مئی 2016

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ ایک بین الاقوامی تعطیل کی وجہ سے 30 مئی 2016 بروز پیر مارکیٹ معمول سے جلد بند کردی جائے گی۔

### 25 مئی 2016

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ 25 مئی سے 2 جون 2016 کے دوران ان کو رابطہ میں تاخیر یا پی ایم ای ایکس کے ٹریڈنگ سسٹم کے استعمال میں دشواری کا سامنا ہوسکتا ہے جس کی وجہ سے انٹرنیٹ سروسز کا پست معیار ہوگا جو بین الاقوامی کیبل سسٹم سے رابطہ کے نظام کو بہتر بنانے کے دوران ہوسکتا ہے۔

### 17 جون 2016

تمام بروکرز کو 23 جون 2016 کو برطانیہ میں ہونے والے ریفرنڈیم (بریگزیٹ) کے بارے میں آگاہ کیا جس میں یورپین یونین سے ملک کی علیحدگی کے بارے میں فیصلہ کیا جائے گا۔

### 27 جون 2016

پی ایم ای ایکس نے 28 جون 2016 سے نافذ العمل ہونے والے تھریش ہولڈ لمٹ میں کمی کا اعلان کیا وہ بروکرز جو تھریش ہولڈ میں کمی کرنے میں دلچسپی رکھتے ہوں ان کو آگاہ کیا گیا کہ وہ کسٹمر سپورٹ سروسز سے رابطہ کریں۔

### 29 جون 2016

تمام بروکرز کو 4 جولائی 2016 کو ہونے والی ایک بین الاقوامی چھٹی کے سلسلہ میں مارکیٹ معمول سے جلد بند ہونے کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔تمام لوکل کموڈٹیز میں ٹریڈنگ شروع اور ختم ہونے کے اقات حسب معمول رہنے کی اطلاع بھی دی گئی۔

مندرجہ بالا سرکلرز کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے ہماری ویب سائٹ www.pmex.com.pk وزٹ کریں۔